Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. دی گئی آیات کا بامحاورہ ترجمہ لکھیں. وبرا بوالدی ولم یجعلنی جبارا شقیا.

Ans 1: ترجمہ: اور اپنی والدہ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا (بنایا ہے) اور اس نے مجھے سرکش نا فرمان نہیں بنایا.

Q2. سورہ مریم کب نازل ہوئی.

Ans 1: سورہ مریم اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر ظلم کررہے تھے.

Q3. سورہ مریم کب نازل ہوئی.

Ans 1: سورہ مریم اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر ظلم کررہے تھے.

Q4. ہجرت حبشہ کا سبب کیا تھا.

Ans 1: ہجرت حبشہ کا سبب یہ تھا کہ مکہ مکرمہ میں کفار نے مسلمانوں کا رہنا بے حد مشکل کردیا تھا. ان کا ظلم وستم حد سے بڑھ گیا تھا. اس لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے محسوس کیا کہ ان حالات میں مسلمانوں کےلیے زندگی بسر کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے. چنانچہ خاتم البیین صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کے حکم سے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دی.

Q5. حضرت محمد خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کیا حلیہ بیان فرمایا ہے.

Ans 1: آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. ان کا قد درمیانہ اور رنگ سرخ و سفید تھا. وہ ایسے لگتے تھے جیسے ابھی غسل کرکے باہر آئے ہوں.

Q6. پہلی ہجرت حبشہ کب ہوئی

Ans 1: پہلی ہجرت حبشہ نبوت کےپانچویں سال ہوئی.

Q7. وان اللہ ربی و ربکم فاعبدوہ ھذا صراط مستقیم. کا ترجمہ.

Ans 1: ترجمہ: بے شک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے تو اسی کی عبادت کرو یہ سیدھا راستہ ہے.

Q8. سورہ مریم کے کتنے رکوع اور آیات ہیں.

Ans 1: سورہ مریم کے 6 رکوع اور 98 آیات ہیں.

Q9. آیات کا ترجمہ لکھیں. والسلم علی یوم ولدث و یوم اموت ویوم ابعث حیا.

Ans 1: ترجمہ : سلامتی ہے تجھ پر جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن میں وفات پاؤں گا اور جس دن زندہ کرکے اٹھایاجاؤں گا.

Q10. تمام انبیاء کرام نے اپنی قوموں کو کس بات کی دعوت دی.

Ans 1: تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنی قوموں کو ایک اللہ تعالی کی عبادت کی دعوت دی
